
Eid MUBARAK کی طرف سے
58
# سرینگر ٹائمز
بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 80 | صفحات : 08 | ۲۱ مارچ ۲۰۲۶ بروز سنیچر وار بمطابق یکم شوال ۱۴۴۷ | Saturday 21st March 2026 | جلد نمبر 58


## رمضان المبارک میں 1.68 ملین غیر ملکی زائرین نے

## عمرے کی سعادت حاصل کی، سعودی وزارت خارجہ کی رپورٹ

ریاض/ یواین آئی/سعودی عرب میں سعودی وزارتِ حج وعمرہ نے کہاہے کہ رواں برس رمضان المبارک میں بیرون مملکت سے آنے والے عمرہ زائرین کی تعداد 1.68 ملین رہی ہے۔سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق وزارت کی جانب سے جاری اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ریاض الجنہ کے لیے 11لاکھ زائرین نے پرمٹ لیے ، جن کا تعلق 155 ملکوں سے تھا۔ رپورٹس کے مطابق مکہ مکرمہ، جدہ اور مدینہ منورہ میں 30 نسک کیئر سینٹرز سے 11 زبانوں میں ایک لاکھ 53ہزار خدمات فراہم کی ہیں۔زائرین کی دیکھ بھال اوررہنمائی مراکز جن کی تعداد 1966 ہے، سے ایک لاکھ 97ہزارافراد نے رجوع کیا۔رمضان المبارک کے دوران فیلڈ مانیٹرنگ ٹیموں نے رہائشی سیکٹرز کے 21ہزار 500وزٹ کیے جن کا مقصد زائرین کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیارکو جانچنا تھا۔/1



## پریمیم پٹرول کی قیمتوں میں دوروپے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا


## ریٹیل پٹرول اور کسی بھی قسم کے ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں

نئی دہلی/ یواین آئی/ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے جمعہ سے پریمیم پٹرول کی قیمتوں میں دوروپے فی لیٹر اضافہ کردیا ہے، جبکہ ریٹیل پٹرول اور کسی بھی قسم کے ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ملک کی سب سے بڑی آئل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن سے حاصل شدہ معلومات کے مطابق، دہلی کے ارون روڈ سروس اسٹیشن پر آج سے پریمیم پٹرول' ایکس پی'95 کی قیمت 101.89 روپے فی لیٹر ہو گئی ہے۔پہلے اس کی قیمت 99.89 روپے فی لیٹر تھی۔عام پٹرول کی قیمت 94.77 روپے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت 87.67 روپے فی لیٹر پر برقرار ہے ۔ پریمیم ڈیزل 'ایکس جی ' کی قیمت بھی 91.49 روپے فی لیٹر ہےاوراس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے ۔انڈین آئل کے علاوہ دیگر کمپنیوں بھارت پٹرولیم اور ہندوستان پٹرولیم نے بھی قیمتوں میں تقریباً اتنا ہی اضافہ کیا ہے۔طویل عرصے کے بعد کسی بھی قسم/2

## آج عیدالفطر پر نماز عید کے عظیم الشان اجتماعات کا انعقاد

## درگاہ حضرت بل سرینگر میں ہوگا سب سے بڑا اجتماع، لاکھوں فرزندان توحید کی آمد متوقع

سری نگر: ۲۰، مارچ: جے کے این ایس: شوال کا چاند جمعہ کی شام نظر آنے کی وجہ سے امسال ماہ مبارک کے پورے 30دن مکمل ہوئے ،اور آج یعنی 21مارچ بروز ہفتہ کوجنوبی ایشیاء بشمول جموں وکشمیر میں آج عیدالفطر کی تقریب سعید انتہائی عقیدت واحترام اور تزک واحتشام کیساتھ منائی جارہی ہے۔صبح سے ہی لوگ نزدیکی عیدگاہوں ،امام بارگاہوں ،خانقاہوں ،درگاہوں اورجامع مساجد کارُخ نئے اور صاف ملبوسات زیب تن کرکے کررہے ہیں تاکہ وہ نماز عیدالفطر کے عظیم الشان اور بابرکت اجتماعات میں شرکت کا شرف حاصل کرسکیں۔نماز فجر کے فوراًبعد لوگ بڑی تعداد میں آبائی مقبروں کارُخ کرکے وہاں مدفون اپنے والدین اور دیگر قریبی رشتہ داروں کے حق میں فاتحہ پڑھیں گے اور اُن کی بخشش کیلئے اللہ تعالیٰ سے استدعا کریں گے۔جے کے این ایس کے مطابق نماز عیدالفطر کی ادائیگی کیلئے منعقدہ اجتماعات کا آغاز نماز فجر کے بعد ہی ہوتا ہے اور یہ سلسلہ صبح 10 بجے تک مکمل ہوجاتا ہے، کیونکہ الگ الگ مقامات پر منتظمین کی جانب سے لوگوں کی آسانی کیلئے الگ الگ اوقات پر نماز عید کا وقت مقرر کیا جاتا ہے۔تاہم عمومی طور پر بڑے اجتماعات صبح 8 بجے سے 10 بجے تک منعقد ہوتے ہیں ،کیونکہ ایسے عید اجتماعات کااہتمام اور انعقاد عیدگاہوں ،درگاہوں ،امام بارگاہوں ،بڑی جامع مساجد ،خانقاہوں اوراور دیگر عبادت گاہوں میں کیاجاتا ہے۔جمعہ کے روز موسم مجموعی طور پر خشک اور خوشگوار رہنے کے پیش نظر آج ممکنہ طور پر سری نگر سمیت جموں وکشمیر میں کئی مقامات پر نماز عیدالفطر کے عظیم الشان اجتماعات عیدگاہوں اور دیگر کھلی جگہوں میں منعقد ہونگے اوراس مقصد کیلئے عیدگاہوں کوخشک کرنے کا کام جمعہ کو ہی انجام دیا گیا۔لوگوں کواُمید ہے کہ رب کائنات کی مہربانی سے آج یعنی ہفتہ/4



## موٹر سائیکل کی ٹکر سے راہ گیر جان بحق

## گاندربل لار میں واقعہ

سرینگر/ کے این ایس/ وسطی کشمیر کے گاندربل ضلع کے لار علاقے میں جمعہ کوموٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک راہگیر ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔اگرچہ زخمی شخص کوفوری طورہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی تاہم وہ ڈاکٹروں نے مردہ قرار دیا ہے اس حادثے میں مزید2افرادزخمی گئے۔حکام نے بتایا کہ والیوارہ سے تعلق رکھنے والے عرفان احمد میر کی موٹر سائیکل نے راہگیر کوٹکر ماردی،جس کی شناخت غلام حسن تیلی ساکن لار کےطور پر ہوئی،جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔

## پونچھ میں لاپتہ خاتون

## 11 سال بعد خاندان سے مل گئی

سرینگر/ جے کے این ایس/ پولیس اسٹیشن سرنکوٹ کے تحت پونچھ ضلع کی پولیس نے 11 سال بعد اتر پردیش کی ایک خاتون کواس کے خاندان سے ملایا ہے۔جے کے این ایس کوملی تفصیلات کے مطابق خاتون کی شناخت لیلاوتی کے نام سے ہوئی ہے جوکہ ذہنی طور پر بیمار ہے اور اس کا تعلق اتر پردیش کے علاقے دوج سے ہے،گیارہ سال قبل اپنے خاندان سے/3

## وزیراعظم کی بحرین کے بادشاہ سے بات چیت

## مغربی ایشیا میں توانائی کے انفراسٹرکچر پر حملوں کی مذمت

نئی دہلی/ وزیراعظم نریندر مودی نے جمعہ کو بحرین کے بادشاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ سے بات کی اوران کے ساتھ مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے خطے میں توانائی اور شہری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کی۔بحرین کے بادشاہ کے ساتھ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران وزیراعظم نے نیوی گیشن کی آزادی کویقینی بنانے اور شپنگ لائنوں کوکھلا اورمحفوظ رکھنے کی اہمیت کااعادہ کیا۔بحرین کے بادشاہ،عزت مآب شاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ کے ساتھ نتیجہ خیز گفتگو ہوئی،انہیں اور بحرین کے عوام کوعیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔مودی نے X پر ایک پوسٹ میں کہا "ہم نے مغربی ایشیائی خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔خطے میں توانائی اورشہری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کی، عالمی خوراک، ایندھن اور کھاد کی سلامتی پر ان کے منفی اثرات کوظاہر کرتے ہوئے،" وزیر اعظم نے بحرین میں ہندوستانی برادری کی فلاح وبہبود کے لئے مسلسل حمایت کے لئے بادشاہ کاشکریہ بھی ادا کیا۔28 فروری کوامریکہ اوراسرائیل کے ایران پر حملے کے بعد یہ دوسراموقع تھا جب مودی نے بحرین کے بادشاہ سے بات کی۔اسلامی جمہوریہ نے بھی اپنے کئی خلیجی پڑوسیوں پر حملہ کرکے جوابی کارروائی کی۔وزیراعظم نے کئی دیگر عالمی رہنماؤں سے بھی بات کی ہے،جن میں سعودی عرب،اردن،متحدہ عرب امارات،فرانس، ملائیشیا،اسرائیل اورایران شامل ہیں جب سے تنازع شروع ہواہے۔





## جموں وکشمیر بینک کے ذریعہ 4دنوں میں لین دین عروج پر

## 5 کروڑ94لاکھ سے زائد ٹرانزیکشنز، مالیت تقریباً8393.88 کروڑ روپے

سرینگر/ یواین ایس/عیدالفطر سے قبل جموں وکشمیر میں بینکاری سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ دیکھنے کوملا،جہاں جموں کشمیر بنک نے محض چاردنوں میں 8,300 کروڑ روپے سے زائد کے لین دین ریکارڈ کیے،جس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا واضح غلبہ رہا۔سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 16 سے 19 مارچ کے درمیان نان برانچ بینکاری کے تحت مجموعی طور پر 5 کروڑ 94 لاکھ سے زائد ٹرانزیکشنز ہوئیں، جن کی مالیت تقریباً 8,393.88 کروڑ روپے رہی، جوعید سے قبل خریداری کے دوران بڑھتی معاشی سرگرمیوں کی عکاسی کرتی ہے۔اعداد وشمار کے مطابق یو پی آئی سے نمایاں ادائیگی ذریعہ رہا،جس کے ذریعے 4 کروڑ سے زائد ٹرانزیکشنز انجام دی گئیں، جن کی مجموعی مالیت 3,125 کروڑ روپے رہی۔یو این ایس اسی طرح موبائل بینکنگ سروس کے ذریعے بھی زبردست سرگرمی دیکھنے کوملی، جہاں 1 کروڑ 70 لاکھ سے زائد ٹرانزیکشنز کے ذریعے تقریباً/5

## لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی عید پر مبارک باد





سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سنیچر کومنانے والی عیدالفطر کے موقع پر لوگوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق اپنے پیغام میں لیفٹیننٹ گورنر نے کہا ہے کہ ’’عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر میں سب کودلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔عیدالفطر کا تہوار، جوکہ رمضان کے مقدس مہینے کے بابرکت اختتام کی نشاندہی کرتا ہے، ایک گہری روحانی اور سماجی اہمیت کا موقع ہے۔اس مبارک دن پر، آیئے ہم غریبوں اورضرورت مندوں کی زندگیوں کو بلند کرتے ہوئے انسانیت کی خدمت کا عہد کریں۔عید سب کے لیے امن، خوشحالی اور خوشیوں کا آغاز ہو۔" دریں اثناء وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے لوگوں کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں جشن منانے والوں کوعیدالفطر اورنوروز کے پرمسرت موقعوں/6

## UAPA کیس میں استغاثہ ناکام، پولیس شواہد پر سنگین سوالات

## دوکشمیری نوجوان ساتھ برس بعد بری

سرینگر/ یواین ایس/ دہلی کی ایک عدالت نے یواے پی اے کیس میں گرفتار دوکشمیری نوجوانوں کو سات برس بعد بری کرتے ہوئے قرار دیا کہ استغاثہ اپنے الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہااورتفتیش میں سنگین خامیوں کی نشاندہی کی۔پٹیالہ ہاؤس کوٹ کے ایڈیشنل سیشن جج امیت بنسل نے جمشید ظہور پال اور پرویز رشید لون، ساکنان شوپیان، کوتمام الزامات سے بری کردیا۔دونوں کوستمبر 2018 میں دہلی پولیس سپیشل سیل نے یواے پی اے اور آرمز ایکٹ کے تحت گرفتار کیا تھا۔یواین ایس کے مطابق 79 صفحات پر مشتمل فیصلے میں عدالت نے کہا کہ ’’استغاثہ ملزمان کے خلاف الزامات کومعقول شک سے بالاتر ہوکر ثابت کرنے میں ناکام رہا‘‘، لہٰذا دونوں کو بری کیا جاتا ہے۔کیس کے مطابق پولیس نے دعویٰ کیا تھا کہ 6 ستمبر 2018 کوخفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو جامع مسجد بس اسٹاپ کے قریب گرفتار کیا گیا/7

## عیدالفطر پر مہنگائی بے قابو، گوشت فی کلو800روپے تک فروخت

## سرکاری ریٹ لسٹ کے باوجود صورتحال پر کوئی قابو نہیں پایا جاسکا

سرینگر/ یو پی آئی/عیدالفطر کے موقع پر وادی کشمیر میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے۔خصوصاً گوشت کی قیمتوں نے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ ڈالے ہیں، جہاں کئی علاقوں میں قصاب گوشت فی کلو800 روپے میں فروخت کررہے ہیں۔سرکاری ریٹ لسٹ کے باوجود صورتحال پر کوئی قابو نہیں پایا جاسکااور انتظامیہ کی خاموشی نے عوام میں شدید غم وغصے کی لہر دوڑا دی ہے۔وادی کے سب سے بڑے شہر سرینگر سمیت بارہمولہ، پلوامہ، اننت ناگ، گاندربل اور بڈگام کے کئی بازاروں میں عید سے ایک روز قبل قصابوں نے یکطرفہ طور پر قیمتوں میں اضافہ کردیا۔ضلع انتظامیہ کی جانب سے مقررہ ریٹ سات سو روپے فی کلو ہے، تاہم بیشتر علاقوں میں اس ریٹ لسٹ کوسرے سے نظرانداز کیا گیا۔/10

## مغربی ایشیا سے LPG سپلائی کی صورتحال تشویشناک لیکن

## ملک میں گھریلو کھپت کے لیے کافی ذخائر موجود ہیں/ حکومت

نئی دہلی/ یواین آئی/ حکومت نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا کے بحران کی وجہ سے خطے سے ایل پی جی کی سپلائی کی صورتحال اب بھی تشویشناک بنی ہوئی ہے،لیکن گھریلو پیداوار 40 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور گھریلو کھپت کے لیے ملک میں اس وقت کافی ذخائر دستیاب ہیں۔رسوئی گیس کے لیے ایل پی جی چھوڑکر پی این جی اپنانے کی حکومتی اپیل کے بعد، ملک کے 15 بڑے علاقوں میں13,700 سے زائد پی این جی کنکشن دیے گئے ہیں اور 7,500 صارفین نے ایل پی جی چھوڑکر پی این جی کنکشن لیا ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ریاستوں کو ان کی ضرورت کی بنیاد پر تقریباً 11,300 ٹن تجارتی ایل پی جی بھی فراہم کی گئی ہے۔ذخیرہ اندوزی اور کالابازاری کے خلاف مہم کے تحت ملک بھر میں مختلف مقامات/8

## صورہ میڈیکل انسٹیچوٹ میں 1100اسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع

## جموں کشمیر سروس سلیکشن بورڈ اور پبلک سروس کمیشن کے ذریعے تقرریاں

سرینگر/ یواین ایس/صورہ میڈیکل انسٹی چیوٹ نے مریضوں کے بڑھتے دباؤ اور سپیشلائزڈ علاج میں تاخیر کوکم کرنے کیلئے تقریباً1100 خالی اسامیوں کوپُر کرنے کاعمل شروع کردیاہے۔یہ بھرتی عملسروس سلیکشن بورڈ اور پبلک سروس کمیشن کے ذریعے انجام دیاجائے گا۔ڈائریکٹر اسکمز ڈاکٹر اشرف گنائی نے بتایا کہ افرادی قوت کی کمی کے باعث خاص طور پر سپرا سپیشلٹی شعبوں میں مریضوں کومشاورت اور سرجری کیلئے طویل انتظار کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جسے یہ اقدام کم کرنے میں/9

## جموں وکشمیر سیاحت 14اور15 اپریل کو کشمیر ٹریول مارٹ 2026ء کی میزبانی کرنے کیلئے تیار ہے


## ملک بھر کی 20 سے زیادہ ریاستوں کے تقریباً250 اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کیا جائے گا

سرینگر/ یواین آئی/ سیاحت کے شعبے کوفروغ دینے کے لیے ایک بڑے قدم کے طور پر جموں وکشمیر کامحکمہ سیاحت اگلے ماہ کشمیر ٹریول مارٹ 2026 کی میزبانی کرے گا،جس میں ملک بھر کی20 سے زیادہ ریاستوں کے تقریباً250 اسٹیک ہولڈرز کواکٹھا کیا جائے گا تاکہ صنعتی روابط کومضبوط کیا جاسکے اور کشمیر کوایک اہم عالمی سفری منزل کے طور پر قائم کیا جاسکے۔یہ دوروزہ پروگرام14 اور15 اپریل کوڈل جھیل کے خوبصورت ساحل پر واقع شیر کشمیر انٹرنیشنل کانفرنس سینٹر (ایس کے آئی سی سی) میں منعقد ہوگا۔جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ کے دفتر نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ یہ تقریب خطے کی سیاحت کی بے پناہ صلاحیتوں کواجاگر کرے گی۔جموں وکشمیر سیاحت 15-14 اپریل کو کشمیر ٹریول مارٹ 2026- کی میزبانی کرنے کے لیے تیار ہے، جس میں ملک بھر کی 20 سے زیادہ ریاستوں کے تقریبا 250 اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کیا جائے گا ۔ یہ تقریب کرافٹ سفاریوں ، کیوریٹڈ ڈیسٹی نیشن ٹورز ، اور بی 2بی (بزنس ٹو بزنس) مصروفیات کے ذریعے خطے کی بے پناہ سیاحت کی صلاحیت کواجاگر کرے گی، جواسٹیک ہولڈرز کو کشمیر کی ثقافت، ورثے اور گرمجوشی سے مہمان نوازی کا بھرپور اور عمیق تجربہ پیش کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک اہم پہل جس کا مقصد سیاحت کے روابط کومضبوط بنانا اور کشمیر کوایک اہم عالمی سیاحتی مقام کے طور پر مزید قائم کرنا ہے "۔

## قارئین کیلئے ضروری اطلاع

عیدالفطر کے سلسلہ میں ادارہ سرینگر ٹائمز اور ٹائمز پریس 21 مارچ اور 22 مارچ کو بند رہیں گے۔اگلا شمارہ 24 مارچ 2026ء کو شائع ہوگا۔ (منیجر)




Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781